22-Oct-12

پریس ریلیز

سانحہ بلدیہ متاثرین کیلئے ایک کروڑ روپے کی امداد کا پہلا مرحلہ مکمل
امداد نہ ملنے والے متاثرین فوری طور پر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل سے رابطہ کریں

کراچی ۔(پ ۔ر) سانحہ بلدیہ متاثرین کیلئے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل نے تقریباً 250 متاثرین کو چھ ماہ کیلئے راشن اور گوشت کارڈ جاری کردیے ہیں جواب سے چھ ماہ تک کارآمد رہیں گے۔ یہ کارڈ جو تقریباً چھ سے سات ہزار روپے مالیت کے پیکج کے ہیں، ان متاثرین کے کوائف کی جانچ پڑتال اور سرکاری فہرستوں کی مدد سے جاری کیے گئے ہیں۔ کارڈ کے حامل افراد عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے مرکزی دفتر سے امدادی اشیاء، راشن اور گوشت حاصل کررہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ان متاثرین کیلئے مکمل مفت طبی امداد اور سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔ دریں اثناء عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ترجمان شکیل دہلوی نے سانحہ کے متاثرین کیلئے اعلان کیا ہے ابتک جن متاثرین کو راشن اور گوشت کارڈ نہیں موصول ہوئے یا جنہیں کسی قسم کی امداد نہیں ملی ہے وہ فوری طور پر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے مرکزی دفتر پر آکر اپنے کوائف کی پڑتال کرائیں اور امدادی کارڈ جاری کرالیں۔

#

شکیل دہلوی
ڈائریکٹر تعلقات عامہ
0333-2111645